© rasailojaraid.com



ڈاکٹر عبدالقدیر خان

# آزادی کی پرتشدد تحریکیں: سبق سیکھنے کی ضرورت

کشمیر کے مجوزہ حل کے بارے میں پرویز مشرف اور خورشید محمد قصوری نے کئی بیانات دیے ہیں اور یہ غلط تاثر دیا ہے کہ جیسے ہندوستان کشمیر کو پلیٹ پر رکھ کر ان کو دے رہا تھا۔ حقیقت یہ ہے کہ ہندوستان کا بنیادی اصول یہ رہا ہے کہ کشمیر ہندوستان کا اٹوٹ انگ یعنی ناقابل جدا حصہ ہے اور ہندوستان بشمول کشمیر کی سرحد میں ایک انچ کا بھی ردوبدل نہ ہوگا۔ آپ خود ہی سوچیے اور ان دو سابق حکمرانوں سے دریافت کیجیے کہ وہ کون سی شرائط تھیں جن پر ہندوستان قضیہ کشمیر کو حل کرنے پر راضی تھا یا ہمیں دینے کو تیار تھا؟ حیدرآباد، جوناگڑھ اور ماناودر کو بھی نہ بھولیے۔

حقیقت یہ ہے کہ مقبوضہ کشمیر کے راہنماؤں کی سب سے بڑی غلطی یا بلنڈر یہ رہا ہے کہ انہوں نے بغیر سوچے سمجھے اپنی قسمت اور مستقبل کا فیصلہ کیا ہے۔ اس وقت تک ستر ہزار سے لے کر ایک لاکھ کشمیری تک نوجوان ہلاک ہو چکے ہیں اور حالات پہلے سے زیادہ مایوس کن ہیں۔ اگر مقبوضہ کشمیر کے تمام رہنماؤں کو حقیقت کا احساس ہوتا تو ان کو چاہیے تھا کہ سب مل کر الیکشن میں حصہ لیتے۔ لوگوں کو ثبوت دیتے کہ عوام کی اکثریت ان کے ساتھ ہے اور پھر متحد ہو کر اپنے حقوق مانگتے۔ ایک آزاد پالیسی بناتے اور زیادہ سے زیادہ اندرونی خودمختاری لے کر اپنی حالت پر خود کنٹرول رکھتے۔ اپنے عوام کی خدمت کرتے، لیکن میرواعظ عمر فاروق، پروفیسر گیلانی، یاسین ملک وغیرہ بھی تک آنکھیں کھولے خواب دیکھتے رہتے ہیں کہ کوئی انہیں کشمیر کو آزاد کرا کے پاکستان کے حوالے کروا دے گا۔ اب پاکستان میں تو ابھی آمریت، ڈکٹیٹر شپ، لوٹ مار، رشوت ستانی اور لوٹا بازی ہے۔

کوئی بھی جدوجہد اس وقت تک کامیاب نہیں ہو سکتی جب تک ایک طاقت ور، بہادر، سنجیدہ ملک آپ کی کھل کر مسلسل مدد نہ کرتا رہے۔ پاکستان کو تو مشرف نے امریکہ اور ہندوستان کے ہاتھوں کوڑی کے داموں بیچ دیا ہے۔ اس کی اپنی حالت خستہ اور قابل رحم ہے اور وہ آپ کی کیا مدد کرے گا؟ آپ اپنے پیروں پر کھڑے ہوں اور متحد ہو کر اپنے لیے سہولتیں اور زیادہ سے زیادہ اندرونی خودمختاری حاصل کر کے اپنے عوام کی مدد کریں اور خوشحالی اور امن مہیا کریں۔ کشمیری لیڈروں کو یہ اچھی طرح سمجھ لینا چاہیے کہ ۱۹۶۵ء کی جنگ کے بعد پاکستان نے ۹۵ فی صد کشمیر کو کھو دیا تھا اور ۵ فیصد گنجائش تھی۔ وہ مشرف نے کارگل میں پنگا لے کر ہمیشہ کے لیے ضائع کر دی۔ میں نے ابھی عرض کیا کہ جب تک کوئی طاقتور، نڈر پڑوسی ملک کھل کر کسی جدوجہد کی مدد نہ کرے، اس وقت تک کوئی جدوجہد کامیاب نہیں ہو سکتی۔ چند



© rasailojaraid.com

